31/10/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........ قومی ایکتا دِوس کے سلسلے میں ملک بھر میں تقریبات منعقد// وزیر اعظم نریندر مو دی نے کی سر دار و□بھ بھائی پٹیل کو خراج عقیدت ادا کرنے میں قوم کی قیادت۔

*........□یفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا جموں کشمیر کے یوٹی یوم تاسیس کی تقریب سے خطاب// کہا جموں کشمیر کا ریاستی درجہ کیا جائے گا مناسب وقت پر بحال۔

*........وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے قمر واری اور نور باغ کو جوڑنے و□ے پُل کا کیا افتتاح// اتھواجن سرینگر میں سینٹرل ویٹرنری اسپتال کا رکھا سنگ بنیاد۔

اور

*........ سرینگر میں قانو ن ساز اسمبلی کا رواں اجلاس اختتام پذیر۔

مودی

وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ متحد ہو کر اپنے آپ کو قوم کی ترقی کے□ئے وقف کریں تاکہ وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کیا جا سکے ۔ آج ایکتا نگر گجرات میں سردار و□بھ بھائی پٹیل کے 150 ویں جنم دن کے موقعہ پر منعقدہ راشٹریہ ایکتا دِوس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ یکجہتی عہد کی تقریبات میں کروڑوں□وگوں کی شرکت سے قومی یکجہتی کو مستحکم کرنے سے متعلق ان کے عزم کو تقویت حاصل ہوتی ہے ۔

وزیر اعظم نے کہا کہ 2014 کے بعد حکومت نے نکسلواد اور ماوواد دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن کاروائی کی ۔

جتندر سنگھ

راشٹر ایکتا دِوس کے سلسلے میں آج وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے افسروں اور اہلکاروں کو ایکتا عہد دلایا۔

سنہا ۱

□یفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ 31 اکتوبر 2019 کو ایک ایسپریشنل جموں کشمیر یوٹی وجود میں آگئی اور نہایت ہی قلیل مدت میں□وگوں کے امن اور ترقی کے خواب کو پورا کیا گیا ۔ سرینگر میں آج جموں کشمیر یوٹی کے یوم تاسیس کے موقعہ پر منعقدہ تقریب سے SKICC خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 2019 کے بعد بنیادی ڈھانچے اور دیگر سیکٹروں میں تواریخی سنگ میل حاصل کئے گئے ۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام صورتوں کی تفاوتوں کو ختم کر کے سماجی انصاف اور مساوات کا ایک نظام قائم کیا گیا ہے ۔

انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے سٹیٹ ہُڈ بحال کرنے کا یقین دلایا ہے اور انہوں نے یہ بات واضح کر دی تھی کہ حد بندی پہلے ، اس کے بعد اسمبلی انتخابات اور اس کے بعد موزون وقت پر جموں کشمیر کا ریاستی درجہ بحال کیا جائے گا ۔

اس سے پہلے ایل جی نے ملک کے سابق نائب وزیر اعظم اور پہلے وزیر داخلہ سردار و□بھ بھائی پٹیل کے 150 ویں جنم دن کے موقعہ پر یکجہتی سے متعلق عہد دلایا اور رن فار یونٹی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ۔

ایل جی نے اس موقعہ پر An Era Of Transformative Governance in Jammu and Kashmir سے متعلق ایک فوٹو نمائش کا بھی آغاز کیا ۔ اس موقعہ پر قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے□یڈر سنیل شرما ، ممبر پار□یمنٹ انجینئر غلام علی کھٹانہ ، جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی ، چیف سیکریٹری اٹل ڈ□و اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے ۔

راج بھون تقریب

راشٹریہ ایکتا دِوس کے سلسلے میں راج بھون سرینگر میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران ایل جی منوج سنہا نے افسروں اور عملے کو یکجہتی عہد دلایا ۔ انہوں نے سردار و□بھ بھائی پٹیل کے 150 ویں جنم دن کے موقعہ پر خراج عقیدت ادا کیا ۔

DGP

ایکتا نگر میں منعقدہ تقریب میں جموں کشمیر پو□یس کے ایک دستے نے Kevadia گجرات کے
نلن پر بھات بھی موجود DGP بھی شرکت کی۔ اس موقعے پر وہاں جمونکشمیر کے
پو□یس کے دستے نے حب□وطنی کی دُھن بجا کر وہاں حاضرین کی داد و تحسین حاصل JK تھے۔
کی۔

زیون تقریب

سرینگر کے زیون آرمڈ پولیس ہیڈ کواٹر پر ایکتا دِوس کی تقریب جوش و جذبے کے ساتھ منائی گئی۔ اس موقعے پر پولیس کے سپیشل ڈائریکٹر جنرل ایس جے ایم گیلانی نے افسروں اور اہلکاروں کو یکجہتی کا حلف دلایا۔

جموں تقریب

جموں صوبے میں بھی پولیس کے اہتمام سےایکتا دِوس کی تقریبات منعقد ہوئیں۔ صوبائی سطح جموں بھیم سین IGP کی مرکزی تقریب جموں کے گلشن گراؤنڈ میں منعقد ہوئی۔ اس موقعے پر توتی نے ایکتا پریڈ پر سلامی لی۔

جموں صوبے کے سبھی اضلاع میں پولیس کے اہتمام سے تقریبات منعقد ہوئیں۔

ایکتا DIG

پولیس کے اہتمام سے جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں آج قومی ایکتا دِوس تقریبات منعقد ہوئیں ۔ ان تقریبات میں پولیس افسروں اور اہلکاروں کے علاوہ زندگی کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے کئی افراد نے شر کت کی ۔

پولیس جاوید اقبال متو نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے DIG جنوبی کشمیر کے ہوئے کہا ۔

------JVED IQBAL --------

پولیس ایکتا ۱

کولگام میں ایکتا دِوس کی مرکزی تقریب ڈسٹرکٹ پولیس ہیڈ کوارٹر پر منعقد ہوئی ، جس میں عام لوگوں کے علاوہ سکولی بچوں کی ایک تعداد نے بھی شرکت کی ۔ اس موقعہ پر ضلع کے ایس ایس پی عنایت علی چودھری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

-------Anayat Ali -------

اونتی پورہ میں منعقد ہوئی ایکتا دِوس کی تقریب کے حاشیے پر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے ایس ایس پی سجاد احمد نے کہا ۔

-------Sajad ah -------

کپواڑہ کے ایس ایس پی الطاہر گیلانی نے ایکتا دِوس کے مناسبت سے شعبہ خبر کو بتایا ۔

------Al-Tahir-------

ہندواڑہ کے ایس ایس پی ساحل سرنگل کے وہاں منعقد ہوئی ایکتا دِوس تقریب میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی ۔ بعد میں شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

------Sahil Sarangal-----

ایکتا دِوس کے سلسلے میں ایس ایس پی سوپور افتخار طالب نے کہا ۔

-------Iftikharَ-------

بانڈی پورہ میں بھی ایکتا دِوس کی تقریب حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ منائی گئی ۔ اس موقعہ پر ضلع کے ایس ایس پی اعجاز احمد زرگر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

------Aijaz ah------

پولیس تقریبات

کا Run for Unity سر دار ولبھ بھائی پٹیل کے150ویں جنم دن کے موقعے پر گاندربل میں
خلیل احمد پوسوال نے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ SSP انعقاد کیا گیا جس کو ضلعے کے

مشتاق احمد SSP شوپیان میں ایکتا دِوس پر یڈ منعقد کی گئی۔ اس موقعے پر ضلعے کے چودھری نے افسروں اور اہلکاروں کو یکجہتی کا حلف دلایا۔

تنو شری نے ایکتا دِوس پریڈ پر سلامی لی اور ایکتا دِوس کا حلف دلایا۔ بڈگام SSP پلوامہ میں
نِکھل بور کر نے جھنڈی SSP کا اہتمام ہوا جس کو Run for Unity میں پویس کے اہتمام سے
دکھا کر روانہ کیا۔

ڈلو عہد

بارہویں قومی یکجہتی دن کے سلسلے میں چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج سول سیکریٹریٹ سرینگر میں افسروں اور ملازمین کو یکجہتی عہد دلایا ۔ اس تقریب میں جموں سیکریٹریٹ سے ملازمین اور افسروں نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت کی ۔

انشل دوس

قومی ایکتا دِوس کے سلسلے میں آج ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے صوبائی انتظامیہ کے افسران کو ” ایکتا دِوس حلف “ دلایا ۔

CM MOU

جموں کشمیر کی حکومت نے اِنلینڈ واٹر اتھارٹی کے ساتھ ایک مفاہمت نامہ طے کیا ہے جس کے تحت سرینگر واٹر میٹرو کو ترقی دینے کا معاہدہ کیا گیا ہے .

مفاہمت نامہ طے کئے جانے کے موقعہ پر وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، ٹراسپورٹ کے وزیر ستیش شرما اور RTO کشمیر قاضی عرفان بھی موجود تھے .

CMسنگ بنیاد

وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ نے اتھواجن سرینگر میں آج 11 کروڑ 91لاکھ روپے کی تعمیر ہونے والے جدید طرز کے ایک سینٹرل ویٹرنری اسپتال کا سنگ بنیاد رکھا.

وزیر اعلیٰ نے قمر واری اور نور باغ کو جوڑنے والے نو ر جہاں پُل کا افتتاح کیا . اس پُل کو لگ بھگ13کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل کیا گیا ہے.

عمر میراتھن

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج پولو ویو سرینگر میں کشمیر میراتھن 2025 سے متعلق Exposition کا آغاز کیا . وزیر اعلیٰ نے وہاں مختلف محکموں اور نجی فرموں کی طرف سے لگائے گئے سٹالوں کا معائینہ کیا .

وزیر اعلیٰ نے اس موقعہ پر نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ اس میراتھن میں بڑھ چڑھ کر شرکت کریں . وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور کئی دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے .

کاروائی

نائب وزیر اعلیٰ سرندر کمار چودھری نے آج قانون ساز اسمبلی میں افتخار احمد کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ضلع راجوری میں رواں مالی سال کے دوران 277 کاموں کے لئے 37 کروڑ 77 لاکھ روپے مختص رکھے گئے ہیں .

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے نظام الدین بٹ، ڈاکٹر راجیو کمار بھگت ، مظفر اقبال خان ، چودھری اکرم اور ڈاکٹر رامیشور سنگھ کے ایک مشترکہ سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیر میں 52 نئے منظور شدہ ڈگری کالجوں کو مکمل طور سے چالو کیا جائے گا اور اس کے بعد نئے ڈگری کالج کھولنے پر غور کیا جائے گا .

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے سلمان ساگر کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ تیلبل ، کھِمبر ، چند پورہ ، چھتر ہامہ اور دیگر علاقوں میں لوگوں کو پینے کا صاف پانی فراہم کرنے کے لئے دو کروڑ 26 لاکھ روپے منظور کئے ہیں . اس موقعہ پر مبارک غل اور تنویر صادق نے ضمنی سوالات پوچھے .

جاوید اقبال کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوفہ نے کہا کہ حکومت جموں کشمیر میں اساتذہ کی 50 فیصد اسامیوں کو De-freeze کر رہی ہے تاکہ سکولوں میں اساتذہ کی کمی کو دور کیا جا سکے ۔

میر سیف اللہ اور فاروق احمد شاہ کے ایک مشترکہ سوال کا جواب دیتے ہوئے سکینہ ایتو نے کہا کہ حکومت نئے سکول قائم کرنے کے بجائے موجودہ سکولوں کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے اور اسامیوں کی بھرتی کی طرف توجہ دے رہی ہے ۔

بل پاس

جموںو کشمیر قانون ساز اسمبلی نے آج ایوان میں The Jammu and Kashmir goods and Services Tax ترمیمی بل 2025کو منظوری دی۔

اجلاس ختم

دریں اثناءقانون ساز اسمبلی کا رواں اجلاس آج اختتام پذیر ہوا ۔ اجلاس کے آخری دن آج سپیکر عبدالرحیم راتھر نےلوگوں کے مسائل اجا گر کرنے اور ایوان کی کاروائی احسن طریقے پر چلانے میں اپنا تعاون دینے کےلئے تمام ارکان کا شکریہ ادا کیا ۔ انہوننے کاروائی کی کوریج احسن طریقے پر دینے کےلئے محکمہ اطلاعات ، دوردرشن، آکاشوانی سرینگر اور پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کا شکریہ ادا کیا۔

اس موقعہ پر تعلیم اور سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے سپیکر موصوف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ایک غیر جانبدارانہ طریقے پر اجلاس کی کاروائی عمل میں لائی ۔

اس موقعہ پر محمد یوسف تاریگامی ، نظام الدین بٹ ، سرجیت سنگھ سلاتھیہ ، مبارک غل ، وحید الرحمان پرہ اور فاروق شاہ نے بھی سپیکر عبدالرحیم راتھر ، اسمبلی کے عملے ، سکیورٹی اہلکاروں اور میڈیا نمائندوں کا شکریہ ادا کیا ۔

شرما

قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کےلیڈر سنیل شرما نے حکومت کی نکتی چینی کر تے ہوئے اس پر الزام لگایا ہے کہ وہ موجودہ اسمبلی اجلاس کے دوران عوامی معاملات سے جی چراتی رہی ۔ انہوننے کہا کہ حکومت بقول ان کے بے روزگاری، بجلی کے بہران، عوامی معاملات اور دیگر مسائل کے بارے میں موثر جواب دینے میں ناکام رہی ۔ انہوننے کہا کہ حزب اختلافلوگوں کے معاملات کو اُجاگر کرنے اور حکومت کی ناکامیوں کو سامنے لانے میں کوئی بھی کسر باقی نہیں رکھے گا۔

ویجلنس

پورے ملک کے ساتھ ساتھ ان دنوں جمونو کشمیر میں بھی ویجلنس بیدا ری ہفتہ منایاجا رہا ہے۔
اس ہفتے کے دوران سماج کو رشوت خوری سے پاک کرنے اور مختلف سطحوں پر کام کاج میں
شفافیت اور جواب دہی لانے سے متعلق اقدامات کو اُجاگر کیا جا تا ہے۔

ویجلنس ہفتے کے سلسلے میں پیش ہے اینٹی کورپشن بیوروکایہ پیغام :

IGP

کشمیر وی کے بردی نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران سرینگر سے جموں دربار کے IGP
منتقلی کے سلسلے میں کئے جا رہے سلامتی اور ٹریفک انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوننے کہا کہ
در بار کی احسن منتقلی کےلئے ہر ممکن اقدامات کئے جانے چاہئے۔

کانگریس

قوم آج سابق وزیر اعظم اندراگاندھی کو ان کی برسی پر یاد کر رہی ہے۔ کانگریس پارلیمانی پارٹ
کے چیر پرسن سونیا گاندھی،لوک سبھا میں حز ب اختلاف کےلیڈر راہل گاندھی اور کئی دیگر
لیڈروں نے نئی دلی میں شکتی ستھل پر اندرا گاندھی کو خراج عقیدت ادا کیا۔

کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے نے بھی اندرا گاندھی کو انکی برس پر خراج عقیدت ادا کیا
ہے۔

ادھر جموں میں پردیش کانگریس کمیٹی کے دفتر پر سابق وزیر اعظم اندرا گاندھی کو ان کی
برسی پر خراج عقیدت ادا کرنے کےلئے پارٹی کے ورکنگ صدر رمن بھلہ کی صدارت میں تقریب
منعقد ہوئی۔ اس دوران انہوننے سردار ولبھ بھائی پٹیل کو بھی خراج عقیدت ادا کیا۔

کانگریس سندر بنی

سابق وزیر اعظم اندرا گاندھی کو خراج عقیدت ادا کرنے کےلئے سندر بنی میں بھی سینئر
چند شرما کی صدارت میں ایک تقریب منعقد ہوئی۔Nain کانگریس لیڈر

سکول

وادی کے تعلیمی اداروں میں کل یعنی یکم نومبر سے اوقات کار میں تبدیلی لائی جا رہی ہے۔
محکمہ تعلیم کی طرف سے جا ری ایک حکم نامے کے مطابق شہر سرینگر کے میونسپل حدود
میں آنے والے تعلیمی اداروں کے اوقات کار صبح10بجے سے سہ پہر3بجے تک ہونگے ۔جبکہ
سرینگر میونسپل حدود سے باہر اور وادی کے باقی اضلاع کے سکولوں میں اوقات کار صبح
ساڑھے دس بجے سے سہ پہر ساڑھے 3بجے تک ہونگے۔

ووشو

شیر کشمیر انڈور سپورٹس کمپلیکس سرینگر میں69ویں نیشنل سکول گیمز کے دوسرے مرحلے کے جاری انڈر17ووشو کھیل مقابلے آج اختتام پذیر ہو گئے۔ ان مقابلوں میں جموں وکشمیر کی ٹیم نے سونے کے چار ، چاندی کے تین اور کانسے کا ایک تمغہ جیت کر پہلا مقام حاصل کیا ہے ۔

ڈائریکٹوریٹ آف یو تھ سروسز اینڈ سپورٹس جموںو کشمیر کی ڈائریکٹر جنرل انو رادھا گپتا نے کہا کہ جموں کشمیر کے جن کھلاڑیوں نے ان مقابلوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا ان میں شامل Jiya Manhas اور Rutba، Mursaleen، Kapish، Suryansh Singh، Arhaan ہیں ۔ کئی ووشو کھلاڑیوں نے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا ۔

BJP

بی جے پی جموںو کشمیر کی طرف سے آج جموں میں پارٹی کے صدر اور ممبر پار□یمنٹ ست شرما کی قیادت میں ایک بڑے یونٹی مارچ کا انعقاد کیا گیا جس میں پارٹی کے کئی دیگر□یڈروں کے علاوہ کافی تعداد میں□وگوں نے شرکت کی۔

دریں اثناءست شرما نے آج نگروٹہ اسمبلی حلقے میں کئی چناوٴ میٹنگوں سے خطاب کیا اور پارٹی اُمید وار دیویانی رانا کے حق میں چناوٴ مہم چلائی۔

کرکٹ ور□ڈ کپ کے ICC پارٹی کی ایک اور□یڈر سنجیتا ڈوگرا نے بھارتی خواتین کرکٹ ٹیم کو فائنل میںپہنچنے کے□ئے ٹیم کی مبارکباد دی ہے۔

بی جے پی کے ترجمان گرداری لال رینہ نے ایک پریس بیان میں کہا ہے کہ جموںو کشمیر اسمبلی کا حا□یہ اجلاس بقول ان کے بے سود رہا اور□وگوں کو مایوسی کے سیوا کچھ نہیں ملا۔

NC

نیشنل کانفرنس کے کئی□یڈروں نے آج بڈگام اسمبلی حلقے کے مختلف علاقوں میں اپنی پارٹی امید وار آغا سید محمود کے حق میں چناوٴ مہم چلائی اور□وگوں سے ووٹ طلب کئے۔ ان□یڈروں نے کہا کہ□وگوں کے ساتھ کئے گئے تمام وعدوں کو پورا کیا جائے گا۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج آثار شریف درگاہ حضرت بل میں نماز جمعہ ادا کی۔ اس دوران انہوننے جموںو کشمیر کی ترقی اور خوشحا□ی کے□ئے دعا کی۔

محبوبہ

کرسچن طبقے سے تعلق رکھنے و□ے ایک وفد نے آج جموں میں پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی کے ساتھ ملاقات کی اور اپنے مسائل ان کی نوٹس میں لائے ۔

محبوبہ مفتی نے سرکار سے ان کے مطا□بات پورا کرنے کی مانگ کی ۔

شاہین

جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے الزام عائد کیا ہے کہ جموں کشمیر سرکار ہر محاذ JDU
پر ناکام ہو گئی ہے ۔

انہوں نے کہا ہے کہ انتظامی بدحالی کے نتیجے میں لوگ مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں ۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 3 اعشاریہ1ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29اعشاریہ8ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 15اعشاریہ9 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر50 منٹ پر اور

غروب آفتاب شام5 بجکر38منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ

....

....

....